نوٹ: پروف ریڈ (Proofread) ڈیٹا سلپ صرف امیدوار کے کوائف کی جانچ پڑتال کیلئے ہے بورڈ کو اصل فائنل ایڈمیشن فارم ہی ارسال کریں۔

7۔ بورڈ کے پاس دہم کے طلباء و طالبات کے مکمل کوائف جبکہ نہم کے طلباء/طالبات کے رجسٹریشن کوائف پہلے سے موجود ہیں۔ تاہم سربراہان ادارہ جات کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس امر کی تصدیق کر لیں کہ جن امیدواران کا وہ داخلہ ارسال کر رہے ہیں ان کے ارسال کردہ کوائف بمطابق ریکارڈ ادارہ درست ہیں کسی تفاوت کی صورت میں فوری طور پر دفتر سے رابطہ کر کے کوائف درست کروانا ادارہ کی ذمہ داری ہے۔ بصورت دیگر کوائف کی درستگی نہ ہوگی۔ تاہم سرکاری و پرائیویٹ سکولوں کی انتظامیہ اپنے ریگولر طلباء/طالبات کا داخلہ ارسال کرنے کے لئے تفصیلی معلومات (بورڈ ویب سائیٹ www.bisesargodha.edu.pk) سے حاصل کر کے مطلوبہ کوائف مقررہ تاریخ تک بورڈ آفس میں جمع کروائیں گے۔

8۔ پرائیویٹ داخلہ فارم رجسٹری کی صورت میں صرف ایک لفافے میں صرف ایک ہی داخلہ فارم قبول ہوگا۔ ایک لفافہ میں ایک سے زائد داخلہ فارم ارسال کرنے کی صورت میں داخلہ مسترد تصور ہوگا۔

9۔ پرائیوٹ امیدواران اپنی رہائش گاہ کا ڈاک کا پتہ تحریر کریں کسی کی معرفت، دوکان، اکیڈیمی، پرائیوٹ ادارہ وغیرہ کا پتہ قابل قبول نہ ہوگا۔

10۔ ایسے طلباء/طالبات جنہوں نے سکیم آف سٹڈیز سے ہٹ کر مضمون رکھے ہوئے ہیں ان امیدواران کو امتحان میں شرکت کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔ قبل ازیں لیٹر نمبر 840-7-G مورخہ 13-04-23 کے تحت آگاہ کر دیا گیا تھا۔

11۔ تین گنا فیس + 500 روپے جرمانے کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے طلباء کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق ضلعی ہیڈ کوارٹر پر ہوگا۔ اور طالبات کا امتحانی مرکز تحصیل ہیڈ کوارٹر ہوگا۔

12۔ مارکس ایمپروومنٹ کیٹگری کیلئے قبل ازیں دفتری نوٹیفکیشن 556ACE(i) اور 520ACE(I) مورخہ 05-01-2024 & 18-01-25 جاری کر دیا گیا ہے۔ جو کہ بورڈ کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ جس کے مطابق طلبہ و طالبات 4 سال کے اندر اندر 4 چانس avail کر سکتے ہیں اگلی ڈگری سے پہلے پہلے۔

ضروری ھدایات

i۔ کسی ایک مضمون (پارٹ-I,II) میں شرکت کی صورت میں متعلقہ گروپ کی پوری فیس واجب الادا ہوگی۔

ii۔ حکومت کی طرف سے شرح فیس میں اضافہ کی صورت میں متعلقہ اداروں/امیدواران کو بقایا جات جمع کروانا ہوں گے۔

iii۔ نامکمل و قطع برید والے فارم بھیجنے کی صورت میں رول نمبر قطعاً جاری نہیں کیا جائے گا۔ داخلہ فیس بورڈ میں داخلہ فارم وصول کرنے کی تاریخ کے مطابق واجب الادا ہوگی۔ بصورت دیگر فارم مسترد کر دیا جائے گا اور اس کی تمام تر ذمہ داری ادارہ/امیدوار پر عائد ہوگی۔

iv۔ دستی داخلہ فارم بورڈ کے اکوائری آفس واقع بورڈ کیمپس میں جمع کروائے جائیں اور باقاعدہ رسید حاصل کی جائے وگرنہ دفتر ذمہ دار نہ ہوگا۔

v۔ بورڈ ہذا میں شیڈول کے مطابق داخلہ فارم کی بارڈ کاپی وصول نہ ہونے کی صورت میں رول نمبر سلپ جاری نہ ہوگی جس کی تمام تر ذمہ داری ریگولر ہونے کی صورت میں ادارہ سربراہ اور پرائیویٹ کی صورت میں متعلقہ امیدوار پر ہوگی۔

دستخط/-
سیکرٹری

نمبر: 133 /ایم — مورخہ: 16-11-2026

نقل برائے اطلاع:-

1) چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) بھکر، خوشاب، میانوالی، سرگودھا۔
2) سرگودھا بورڈ کی حدود میں واقع جملہ تسلیم شدہ ہائی سکولوں/ہائیر سیکنڈری سکولوں کے سربراہان۔
3) ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، سرگودھا برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات۔
4) Asso Press of Pak (APP) Sargodha
5) پی ایس ٹو چیئرمین
6) پی اے ٹو سیکرٹری
7) پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات
8) جملہ برانچ افسران، بورڈ ہذا۔
9) ویب سائیٹ منیجر۔

16/11/26
اسسٹنٹ سیکرٹری (جنرل)
برائے سیکرٹری

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، سرگودھا

پریس نوٹ نمبر: 24 **مورخہ:** 16-11-2026

مطلع کیا جاتا ہے کہ PBCC نوٹیفکیشن نمبر SO(Boards)Meeting/PBCC/2026 مورخہ 10-11-2026 کے مطابق بورڈ ہذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (نہم و دہم) پہلا سالانہ امتحان **2027** کا آغاز مورخہ **16-03-2027** سے ہوگا۔ جس کے لیے آن لائن داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی مع جمع شدہ فیس بذریعہ On-Line بینک چالان دفتر ہذا واقع 49 ٹیل سرگودھا میں وصول ہونے کا شیڈول درج ذیل ہے۔

شیڈول

نمبر شمار				
1۔	بغیر لیٹ فیس داخلہ فارم و فیس وصول کرنے کی تواریخ	10-11-2026	تا	11-12-2026
2۔	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم و فیس وصول کرنے کی تواریخ	12-12-2026	تا	28-12-2026
3۔	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم و فیس وصول کرنے کی تواریخ	29-12-2026	تا	11-01-2027

4۔ تین گنا فیس + 500 روپے یومیہ قبل امتحان داخلہ فارم جمع کروایا جا سکتا ہے۔ مزید جس دن فارم نکلے گا اُسی دن فیس جمع کروانا اور داخلہ فارم دفتر ہذا سہولیاتی مرکز میں جمع کروانا لازمی ہے۔ طلبہ / طالبات کے لیے لازم ہوگا کہ وہ رول نمبر سلپ پر درج امتحانی سنٹر پر جا کر امتحان شروع ہونے سے قبل اپنی بائیومیٹرک کروائیں گے۔

شرح امتحانی فیس سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ امتحان

کیٹگری / گروپ	پارٹ-I (جماعت نویں)		پارٹ-II (جماعت دسویں)		کمبائنڈ (پارٹ I + پارٹ II)	
	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ
1۔ آرٹس گروپ اگر عملی امتحان نہیں) + ڈویلپمنٹ فنڈ + سکالرشپ فیس وغیرہ	2680 روپے	2730 روپے	2680 روپے	2730 روپے	3530 روپے	3630 روپے
2۔ سائنس گروپ یا دیگر گروپ (جن میں عملی امتحان ہو) + ڈویلپمنٹ فنڈ + سکالرشپ فیس وغیرہ	2730 روپے	2780 روپے	2730 روپے	2780 روپے	3630 روپے	3730 روپے

I۔ پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کرنے والے پرائیوٹ امیدوران کو مبلغ -/3330 روپے رجسٹریشن بھی جمع کروانا ہوگی۔

II۔ علاوہ ازیں جماعت دہم / کمپوزٹ میں پہلی مرتبہ شمولیت کی صورت میں اور مارکس اپیرو میں شرکت کرنے والے امیدوران کو مبلغ -/1000 روپے سند فیس بھی جمع کروانا ہوگی۔

اہم قواعد

1۔ حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان اپنے ادارے کے ریگولر طلباء / طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے بمطابق شیڈول 11-12-2026 تک جمع کروائیں گے۔ تاہم جملہ اداروں کو فی طالب علم مبلغ -/350 روپے ڈویلپمنٹ فنڈ + مبلغ -/1000 روپے پروسیسنگ فیس + مبلغ -/180 روپے + اسکالرشپ فیس +300 روپے سپورٹس فیس کل مبلغ -/1830 روپے جمع کروانا ہوگی۔ سنگل فیس شیڈول گزر جانے کے بعد انہیں دیگر پرائیویٹ / امیدواران کی طرح مقررہ شرح فیس جمع کرانا ہوگی۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدوارن جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس شیڈول کے مطابق ادا کرنے کے پابند ہوں گے اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کرنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی رجسٹریشن اور داخلہ فیس بورڈ کو ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔

2۔ Proofread ڈیٹا سلپ میں درج اپنے کوائف اچھی طرح پڑھ لیں اگر کسی قسم کی تبدیلی کرنا مقصود ہو تو فارم کینسل کر کے نیا فارم Submit کریں۔

3۔ Proofread ڈیٹا سلپ میں درج کوائف درست ہونے کی صورت میں اسکے ساتھ نکلے والے چالان کی ادائیگی UBL کی کسی بھی برانچ میں کریں یا سرگودھا بورڈ نے اپنے چالان فارم پر QR CODE کی سہولت متعارف کروادی ہے۔ QR CODE سے ادائیگی کا طریقہ انتہائی آسان ہے۔ چالان پر موجود QR CODE کو Scan & Pay سے اپنی موبائل بینکنگ یا پیمنٹ ایپلی کیشن کے ذریعے سکین کر کے فیس ادا کریں جسمیں QR Scan / Payment کی سہولت موجود ہو جیسے (Jazz Cash, Easypaisa, UBL Digital, Any other Banking / Payment Apps)

4۔ یاد رکھیں Payment اسی چالان پر کریں جو Proofread ڈیٹا فارم کے ساتھ ڈاؤن لوڈ ہوا ہے آپکا Final Admission Form اسی چالان پر کی گئی ادائیگی سے ڈاؤن لوڈ ہوگا۔ Open چالان پر کی گئی Payment قابل قبول نہ ہوگی۔

5۔ ادائیگی کرنے کے بعد Print Finalized Form کے بٹن سے اپنا Final Admission Form ڈاؤن لوڈ کریں۔

6۔ فائنل ایڈمیشن فارم بورڈ سے الحاق شدہ کسی بھی ادارہ سے تصدیق کروانے کے بعد مقررہ تاریخ کے اندر اندر بورڈ کو ارسال کریں یا دستی سہولیاتی مرکز میں جمع کروائیں۔